ایچ بی ایل پی ایس ایل کا کرکٹ میلہ ابوظہبی میں سجنے کو تیار

لاہور، 24 مئی 2021ء:

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے بقیہ 20 میچز آئندہ ماہ شیخ زید اسٹیڈیم ابوظہبی میں کھیلے جائیں گے۔

ابوظہبی کا یہ میدان اس سے قبل ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے چوتھے ایڈیشن کے چار میچز کی میزبانی بھی کرچکا ہے۔ یہ وہی میدان ہے کہ جہاں چوتھے ایڈیشن کی فاتح کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے پشاور زلمی اور اسلام آباد یونائیٹڈ کو بالترتیب 8 وکٹوں اور 43 رنز سے شکست دی تھی۔

یہاں کھیلے گئے لیگ کے ایک اور میچ میں کراچی کنگز نے ملتان سلطانز کو 5 وکٹوں سے ہرایا تھا۔ اسی میدان پر پشاور زلمی نے بھی لاہور قلندرز کو 4 وکٹوں سے شکست دی تھی۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل کے اب تک ابوظہبی میں کھیلے گئے تمام میچز میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کا اسلام آباد یونائیٹڈ کے خلاف 9 وکٹوں کے نقصان پر 181 رنز بنانا یہاں کسی بھی ٹیم کا سب سے بڑا مجموعہ ہے۔ اسی طرح ملتان سلطانز کا کراچی کنگز کے خلاف 7 وکٹوں کے نقصان پر 118 رنز بنانا اس گراؤنڈ پر لیگ میں کسی بھی ٹیم کا سب سے کم اسکور ہے۔

شین واٹسن کی 55 گیندوں پر 91 رنز کی اننگز ایچ بی ایل پی ایس ایل کے اب تک ابوظہبی میں کسی بھی کھلاڑی کی بہترین اننگز ہے۔ سابق آسٹریلوی کرکٹر کی اس اننگز میں 6 چھکے اور 6 چوکے شامل تھے۔

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے فاسٹ باؤلر عثمان شنواری جو لیگ کے چوتھے ایڈیشن میں کراچی کنگز کی نمائندگی کر رہے تھے، کا ملتان سلطانز کے خلاف ایک میچ میں 15 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کرنا ابوظہبی میں ایچ بی ایل پی ایس ایل کی کسی بھی باؤلر کی بہترین باؤلنگ ہے۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کے فہیم اشرف نے یہاں کھیلے گئے ایک میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف ایک میچ میں 18 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کیں۔

شیخ زید اسٹیڈیم ابوظہبی میں کھیلے گئے ایچ بی ایل پی ایس ایل کے پہلے میچ میں پشاور زلمی نے کامران اکمل اور کیرون پولارڈ کی عمدہ اننگز کی بدولت کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 165 رنز بنائے تھے۔ کامران اکمل نے 50 گیندوں پر 72 رنز بنائے تھے جبکہ کیرون پولارڈ نے 21 گیندوں پر 44 رنز بنائے تھے۔ جواب میں شین واٹسن نے احمد شہزاد کے ہمراہ 129 رنز کی شراکت قائم کرکے اپنی ٹیم کو 8 وکٹوں سے فتح دلائی تھی۔

ابوظہبی میں مجموعی طور پر کھیلے گئے ٹی ٹونٹی میچز:

اس وینیو پر اب تک 124 ٹی ٹونٹی میچز کھیلے جا چکے ہیں، جس میں 48 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز بھی شامل ہیں۔

قومی کرکٹ ٹیم نے 2010 سے 2018 کے درمیان یہاں کھیلے گئے اپنے 9 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز میں سے 6 جیتے۔

شیخ زید اسٹیڈیم میں کسی بھی ٹیم کا سب سے زیادہ اور سب سے کم مجموعہ:

اس اسٹیڈیم میں 8 مواقع ایسے تھے کہ جب کسی ٹیم کا مجموعہ 200 کے پار گیا ہو۔ آئرلینڈ نے افغانستان کے خلاف ایک میچ میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 225 رنز بنائے تھے۔

آئرلینڈ کے خلاف نائجیریا کا مقررہ بیس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 66 رنز بنانا اس گراؤنڈ پر کسی بھی ٹیم کا سب سے کم مجموعہ

ہے۔

بہترین انفرادی اسکور:

اس گراؤنڈ پر اب تک 6 سنچریاں بن چکی ہیں، جس میں سے ایک سنچری لاہور قلندرز کے کپتان سہیل اختر نے بنائی تھی۔ انہوں نے ابوظہبی ٹی ٹونٹی ٹرافی کے ایک میچ میں 56 گیندوں پر 100 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی تھی۔ اس اننگز میں 11 چوکے اور 5 چھکے شامل تھے۔

آئرلینڈ کے ولیم پورٹر فیلڈ نے امریکہ کے خلاف ایک میچ میں 127 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی تھی۔

بہترین باؤلنگ:

اس گراؤنڈ پر کھیلے گئے تمام ٹی ٹونٹی میچز میں اب تک 2 مواقع ایسے رہے کہ جب کسی باؤلر نے ایک اننگز میں 5 وکٹیں حاصل کی ہوں۔

ڈنمارک کے آفتاب احمد نے ایک میچ میں 22 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کی، جو اس گراؤنڈ پر کسی بھی باؤلر کی بہترین باؤلنگ ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4